جامعۃ الملک سعود، ریاض میں زیر تعلیم ہندوستانی طلبہ کا

شمارہ نمبر (۵) اگست وستمبر ۲۰۲۲ء مطابق محرم وصفر ۱۴۴۴ھ

ایڈیٹر: یاسر اسعد

ایڈیٹر

یاسر اسعد

مجلس مشاورت

حسان ابوالمکرم

جنید یوسف عبدالرقیب

احسن جمیل انصار احمد

محمد عمر صلاح الدین

مشمولات مجلہ

عربی مضامین

افتتاحیہ

بحثیں سوشل میڈیا کی

سر سید احمد خاں کا ایک مضمون ہے 'بحث و تکرار'، جو اردو کی ابتدائی نصابی کتابوں میں بھی درج ہے، اس کے عنوان سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ مضمون باہمی جدال و تکرار سے متعلق ہوگا۔ اس کی ابتدا کے کچھ حصے طوالت کے باوجود نقل کیے جاتے ہیں:

" جب کتے آپس میں مل کر بیٹھتے ہیں تو پہلے تیوری چڑھا کر ایک دوسرے کو بری نگاہ سے آنکھیں بدل بدل کر دیکھنا شروع کرتے ہیں، پھر تھوڑی تھوڑی گونجیلی آواز ان کے نتھنوں سے نکلنے لگتی ہے۔ پھر تھوڑا سا جبڑا کھلتا ہے اور دانت دکھائی دینے لگتے ہیں اور حلق سے آواز نکلنی شروع ہوتی ہے، پھر باچھیں چر کر کانوں سے جالگتی ہیں اور ناک سمٹ کر ماتھے پر چڑھ جاتی ہے، ڈاڑھوں تک دانت باہر نکل آتے ہیں، منہ سے جھاگ نکل پڑتے ہیں اور عنیف آواز کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور ایک دوسرے سے چمٹ جاتے ہیں۔ اس کا ہاتھ اس کے گلے میں اور اس کی ٹانگ اس کی کمر میں، اس کا کان اس کے منہ میں اور اس کا ٹینٹوا اس کے جبڑے میں، اس نے اس کو کاٹا اور اس نے اس کو پچھاڑ کر بھنبوڑا، جو کمزور ہوا دم دبا کر بھاگ نکلا۔"

کتوں کے جھگڑوں کی یہ غضب کی تصویر کشی ہے جو سر سید نے کی ہے۔ مگر وہ یہیں پر بس نہیں کرتے بلکہ آگے آدمیوں کے باہمی جھگڑوں کو یوں درشاتے ہیں:

" نامہذب آدمیوں کی مجلس میں بھی آپس میں اسی طرح تکرار ہوتی ہے۔ پہلے صاحب سلامت کر کر آپس میں مل بیٹھتے ہیں، پھر دھیمی دھیمی بات چیت شروع ہوتی ہے۔ ایک کوئی بات کہتا ہے، دوسرا بولتا ہے، واہ یوں نہیں یوں ہے۔ وہ کہتا ہے، "واہ تم کیا جانو۔" وہ بولتا ہے، "تم کیا جانو۔" دونوں کی نگاہ بدل جاتی ہے، تیوری چڑھ جاتی ہے، رخ بدل جاتا ہے، آنکھیں ڈراونی ہو جاتی ہیں، باچھیں چر جاتی ہیں، دانت نکل پڑتے ہیں، تھوک اڑنے لگتا ہے، باچھوں تک کف بھر آتے ہیں، سانس جلدی چلتا ہے، رگیں تن جاتی ہیں، آنکھ، ناک، بھوں، ہاتھ، عجیب عجیب حرکتیں کرنے لگتے ہیں۔ عنیف عنیف آوازیں نکلنے لگتی ہیں، آستین چڑھا ہاتھ پھیلا، اس کی گردن اس کے ہاتھ میں اور اس کی داڑھی اس کی مٹھی میں۔ لپاڈکی ہونے لگتی ہے۔ کسی نے بیچ بچاؤ کر کر چھڑا دیا تو غراتے ہوئے ایک ادھر اور ایک ادھر، اور اگر کوئی بیچ بچاؤ کرنے والا نہ ہوا تو کمزور نے لپٹ کر کپڑے جھاڑتے سر سہلاتے اپنی راہ لی۔"

یہ تصویر کشی کم از کم ایک صدی قبل کی ہے۔ یہ وہ دور ہے جہاں سماجی رابطے کے بہت زیادہ وسائل مہیا نہیں تھے، بالمشافہہ ملاقات کے علاوہ اخبارات و جرائد ہی محدود سطح پر مہیا تھے اپنے افکار و خیالات کا اظہار کرنے کے لیے۔ پھر زمانے نے

کروٹ بدلی اور بیسویں صدی کے اختتام اور اکیسویں صدی کے آغاز نے سائنس و ٹیکنالوجی کے میدان میں جو ہوش ربا ترقی دیکھی وہ اپنی مثال آپ ہے۔ گزشتہ دو تین دہائیوں میں جہاں انسانیت کو نقل وحمل کے سہل و سریع وارزاں ذرائع نصیب ہوئے وہیں باہمی تعلقات کے لیے سماجی رابطوں کے بھی کئی پلیٹ فارم ملے۔ پہلے پیغام رسانی کا عمل جو دنوں، ہفتوں بلکہ مہینوں کو محیط ہوتا تھا آج وہ انگلیوں کے اشارے سے سیکنڈ کے دسویں حصے ہی میں مکمل ہو جاتا ہے، اشہب زمانہ کی رفتار کی سرعت اور سماجی رابطوں کی کثافت نے انسانی مزاج پر بھی کافی اثر ڈالا، انسان نے اس کے پیچھے جہاں بہت ساری راحتیں پائیں وہیں اپنے بہت سارے خواص سے تہی دامن بھی ہو گیا۔ صبر و ثبات، غور و فکر، سنجیدگی، مہلت، حلم و بردباری جیسے الفاظ اس کی لغت سے غائب ہو گئے اور ان کی جگہ سرعت، عجلت، غیظ و غضب اور طیش نے لے لی۔

سماجی رابطوں کے ذرائع کو انسان نے خود پر کتنا مسلط کیا اس کا اندازہ (Mamsys) کی اس رپورٹ سے لگایئے کہ صرف سال ۲۰۱۷ء میں ہر سیکنڈ میں فیس بک پر (۹) لاکھ لوگ داخل ہوئے، (۴۶۲۰۰) تصاویر انسٹاگرام پر اپ لوڈ کی گئیں، (۴۵۲۰۰۰) ٹویٹ ہوئے اور اسی ایک پل میں (۴) ملین یوٹیوب پر مشاہدے بھی ہوئے۔ (الجزیرہ)

یہ سوشل سائٹیں جو بظاہر باہمی تعلقات کی مضبوطی کے لیے تشکیل کی گئی تھیں آج انہیں تعلقات میں دراڑ پیدا کرنے کا بڑا ذریعہ بن رہی ہیں۔ انہیں سے جنم لینے والے مختلف سیاسی، مذہبی، ادبی، سماجی مباحثوں نے جہاں ایک طرف بظاہر فکر و نظر کے افق وسیع کیے وہیں دوسری طرف اس کی تنگی کا باعث بھی بنے۔ بایں طور کہ آج سوشل سائٹیں خصوصاً فیس بک اور ٹویٹر کا استعمال بہت حد تک اپنی معنویت کھو چکا ہے۔ یہاں اب ہر شخص اپنے میدان بلکہ دوسروں کے میدان کا بھی خود کو بادشاہ سمجھ بیٹھا ہے۔ معاملہ دین و مذہب کا ہو یا سیاست و ادب کا، ہر ایرا غیرا اس میں اپنی رائے پیش کرنے کا مجاز ہے۔ سیاست کے اکھاڑے کے بعد مذہبی بحثیں بھی اس سے مستثنیٰ نہیں رہ پائیں اور شرک، کفر، بدعت، ایمان، اسلام کے مباحث پر ہر کوئی ایسے رائے دینے لگا جیسے یہ اس کا تخصص ہو۔

سرسید احمد خان نے نامہذب آدمیوں کی اس مجلس کا جو نقشہ کھینچا ہے وہ حیرت انگیز طور پر سوشل میڈیا کے ان مباحثوں سے ملتا جلتا ہے، بس فرق اتنا ہے کہ یہاں مار پیٹ کے علاوہ مذکورہ بالا ہر وصف بدرجہ اتم پایا جاتا ہے، درحقیقت سوشل میڈیا کے مفکرین کا یہ ماننا ہے کہ علم و فکر ان کے گھر کے لونڈی ہے، جس طریقہ سے میں سوچتا ہوں اور جس نتیجہ پر میں پہنچا ہوں وہی درست ہے باقی سب کچھ غلط ہے، باطل ہے، ناحق ہے، خطا ہے، ظلم ہے، انحراف ہے الخ۔ اب اس دعوے کی زد میں خواہ کسی کی پگڑی آئے یا دستار، کسی کی عزت کا جنازہ نکلے یا کوئی الفاظ کے زہر آلود تیروں کا شکار ہو کر دل کی دنیا لٹا بیٹھے، کوئی عالم ہو یا فاضل، پی ایچ ڈی ہولڈر ہو یا کسی فن کا متخصص اس سے مطلق پرواہ نہیں، بس اظہار رائے کی آزادی اور "کلمہ حق" کی سر

بلندی کے لیے صاحب بلا کسی لومۃ لائم کی پرواہ کیے ہوئے اپنے عنان قلم کو شہ دیتے جارہے ہیں، انگلیاں اسکرین پر دائمی طور پر متحرک ہیں اور برابر زہر پر زہر اگلتی جارہی ہیں۔

یہ بحثیں نہ صرف کہ بلا نتیجہ ختم ہوتی ہیں بلکہ بہت سارے لوگوں کے لیے مستقل ذہنی خلجان کا باعث بھی بنتی ہیں۔ مذہبی معاملات ایسے ہوتے ہیں کہ بسا اوقات ان کے دلائل میں بعد المشرقین ہوتا ہے، اور ماہر اہل علم ہی ان میں تطبیق کی صورت پیدا کرسکتے ہیں۔ مگر یہاں کے مباحث میں ہر فرد اپنے ہوائے نفس کے اعتبار سے یک طرفہ دلائل پیش کرتا ہے، اور اسی پر مصر رہتا ہے، مخالف گروہ بھی یہی عادت اپنائے ہوئے ہوتا ہے۔ ان دونوں کے مابین ایک 'تیسری جنس' ہوتی ہے جس کی زنبیل میں صرف الزام تراشی، بہتان، خود کے طبقۂ اہل علم میں ہونے کا زعم، زبان وبیان کے چٹخارے ہوتے ہیں۔ ان کے سامنے دلائل رکھنا بھینس کے آگے بین بجانا ہے۔

سوشل میڈیا کے مباحثے انسانی اعصاب پر بھی اثر انداز ہوتے ہیں، رفتہ رفتہ انسان کی نظر میں علم اور دلیل کی اہمیت کم ہوتی جاتی ہے، مشمولات سے اہم اس کے نزدیک اسلوب اور انداز ٹھہرتا ہے، اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ دلیل خواہ کتنی سچی ہو قابل قبول اس کا صدق نہیں بلکہ اس کا حسن اسلوب ہے، حالانکہ مطلوب دونوں ہے اور دوسرا مفقود ہو تو بھی پہلے سے پہلوتہی نہیں کی جاسکتی۔

مباحثوں کا ماحصل فقط خلش، فقط خلل
سوال ہی سوال ہیں جواب ایک بھی نہیں

(یاسر اسعد)

عقائد کے باب میں "اخبار آحاد" کی حجیت

عبید اللہ الباقی اسلم
پی ایچ ڈی، شعبہ عقیدہ، جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ

أولًا: خبر آحاد کی تعریف:

"آحاد" یہ واحد کی جمع ہے۔

[دیکھیں: القاموس المحیط (ص: ۳۳۸)]

خطیب بغدادی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "وأما خبر الآحاد فهو ما نقص عن صفة التواتر" [الكفاية في علم الرواية (ص: ۲۰)] اور جہاں تک خبر آحاد کی بات ہے تو (یہ) وہ (خبر ہے) جس کے اندر تواتر کی صفت موجود نہ ہو۔

اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "وخبر الواحد في اللغة: ما يرويه شخص واحد.
وفي الاصطلاح: ما لم يجمع شروط التواتر" [نزهة النظر في توضيح نخبة الفكر (ص: ۲۰۰)]

اور لغت میں خبر واحد وہ (حدیث) ہے جسے ایک شخص روایت کرے۔

اور اصطلاح میں (خبر واحد وہ حدیث) ہے جس میں تواتر کی شروط نہ پائی جائیں۔

ثانیًا: عقائد کے باب میں اخبار آحاد حجت ہیں یا نہیں؟

اس سلسلے میں اہل السنۃ والجماعہ اور اہل کلام کا اختلاف ہے:

اہل کلام:

ان کے نزدیک خبر واحد عقیدہ کے باب میں حجت نہیں ہے:

۱- قاضی عبد الجبار خبر واحد کے بارے میں فرماتے ہیں:"... وإن كان مما طريقه الاعتقادات ينظر: فإن كان موافقا لحجج العقول قبل واعتقد موجبه، لا لمكانه، بل للحجة العقلية، وإن لم يكن موافقا لها فإن الواجب أن يرد ويحكم بأن النبي صلى الله عليه وسلم لم يقله، وإن قاله فإنما قاله على طريق الحكاية عن غيره...[شرح الأصول الخمسة (ص: ۷۷۰)] اور اگر (خبر واحد) اس قبیل سے ہو کہ اس سے اعتقادات لازم آئیں تو اس پر غور کیا جائے گا، چنانچہ اگر وہ عقلی دلائل کے موافق ہو تو اسے قبول کیا جائے گا، اور یہ اعتقاد رکھا جائے گا کہ اس سے یہی ثابت ہوتا ہے، اور اسے (خبر واحد) کی منزلت کی وجہ سے نہیں بلکہ عقلی دلائل کی وجہ سے (قبول کیا جائے گا)، اور اگر وہ عقلی دلائل کے موافق نہ ہو تو ضروری ہے کہ اسے رد کیا جائے، اور یہ حکم لگایا جائے کہ نبی ﷺ نے یہ فرمایا ہی نہیں ہے، اور اگر فرمایا بھی ہے تو دوسروں سے بطور حکایت بیان کیا ہے...

۲- رازی کہتے ہیں: "أخبار الآحاد مظنونة، فلم يجز التمسك بها في معرفة الله تعالى صفاته" [أساس التقديس (ص: ۱۲۷)] اخبار آحاد ظنی ہوا کرتے ہیں؛ لہذا ان کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی معرفت اور اس کی صفات (کے باب میں) حجت پکڑنا درست نہیں ہے۔

چنانچہ اہل کلام نے احکام و عقائد کے باب میں اخبار آحاد کے ذریعہ حجت پکڑنے میں فرق کیا ہے؛ ان کے نزدیک احکام میں اخبار آحاد قابل حجت ہیں مگر عقائد کے باب میں قابل حجت نہیں ہیں۔

اور یہ در حقیقت انکارِ حدیث کا ایک چور دروازہ ہے؛

اسی لیے امام سمعانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "وإنما القول الذي يذكر أن خبر الواحد لا يفيد العلم بحال، ولا بد من

نقله بطريق التواتر لوقوع العلم به شيء اخترعه القدرية المعتزلة، وكان قصدهم منه رد الأخبار" [دیکھیں: صون المنطق(ص:١٦٠)]

اور وہ قول جو ذکر کیا جاتا ہے کہ خبر واحد کسی بھی صورت میں علم کا فائدہ نہیں دیتی ہے، اور علم حاصل ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ متواتر طریقے سے منقول ہو (دراصل یہ) ایک ایسی چیز ہے جسے قدریہ معتزلہ نے ایجاد کیا ہے، اور اس سے ان کا مقصد احادیث کو رد کرنا ہے۔

اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "لم يكن في السلف ولا في الأئمة من يرد الخبر في باب من أبواب العلم بأنه خبر واحد، ولم ينشأ ذلك إلا من أهل البدع"[جواب الاعتراضات المصرية(ص:٨٥ - ٨٦)] سلف اور ائمہ میں کوئی ایسا نہیں جو علم کے کسی بھی باب میں محض اس وجہ سے خبر کی تردید کرتا ہے کہ وہ خبر واحد ہے، اور در حقیقت یہ فکرہ بدعتیوں کی ایجاد کردہ ہے۔

لہذا اس سلسلے میں علماء سلف میں سے فقہاء ومحدثین کا اجماع ہے کہ ہر سچے فرد واحد کی خبر قبول کی جائے گی، اور اس پر عمل بھی کیا جائے گا، چاہے اس کا تعلق احکام سے ہو یا عقائد سے ہو[دیکھیں:التمهيد (١/ ٢)]۔

اہل السنہ والجماعہ:

ان کے نزدیک ہر صحیح خبر واحد عقیدہ کے باب میں قابلِ حجت ہے[دیکھیں: قانون التأسيس العقدي (ص:٢٦٨)]۔

اس پر چند دلائل درج ذیل ہیں:

۱- اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:{يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوا أَن تُصِيبُوا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوا عَلَىٰ مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِينَ} [سورة الحجرات(٦)] اے مومنو! اگر تمہارے پاس ایک فاسق کوئی خبر لے کر آئے تو خوب تحقیق کر لیا کرو، ایسا نہ ہو کہ اس خبر کی بنا پر غلطی سے کسی قوم کو نقصان پہنچا دو، اور آخر میں نادم ہونا پڑے۔

اس آیت کریمہ میں اللہ عز وجل نے خبر کی تحقیق کرنے کا حکم دیا ہے؛ لہذا اگر خبر واحد کی خبر جھوٹی ہو تو رد کی جائے گی، اور اس کے برعکس اگر سچی ہو تو لازمی طور پر قبول کی جائے گی۔

۲- نبی کریم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے: "إِنَّكَ تَأْتِي قَوْمًا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ، فَادْعُهُمْ إِلَى شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ..."[صحيح مسلم (ح:١٩)] تم اہل کتاب کی ایک قوم کی طرف جا رہے ہو؛ لہذا (پہلے) انہیں یہ دعوت دینا کہ (اس بات کی گواہی دینا ہر شخص کے لیے ضروری ہے کہ) اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے، اور میں اللہ کا رسول ہوں..

اس حدیث پر غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ نبی علیہ السلام نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو اکیلے ہی یمن کی طرف روانہ فرمایا تھا، اور منجملہ اہم امور میں سب سے پہلے دعوت توحید پر ترکیز کرنے کا حکم دیا؛ لہذا یہ حدیث دلیل ہے کہ ہر صحیح خبر واحد عقیدہ کے باب میں قابلِ حجت ہے۔

اور بھی بہت سارے دلائل ہیں جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ صحیح اخبار آحاد مسائلِ اعتقاد میں قابلِ حجت ہیں، مثلاً: مختلف جہات میں بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بحیثیت داعی بنا کر بھیجنا، امراء وملوک کو خطوط بھیجنا، اور تحویل قبلہ کی خبر وغیرہ [دیکھیں: المطالب المفيدة في مسائل العقيدة(١/ ٧٦)، و خصائص أهل السنة والجماعة (ص:٢٤٢)]۔

۳- صحیح خبر واحد کے ذریعہ مسائلِ اعتقاد پر استدلال کیا جا سکتا ہے، اس پر علماء سلف کا اجماع ہے:

أ- ابن عبد البر رحمہ اللہ فرماتے ہیں:"كلهم - أي: أهل الفقه والأثر - يدين بخبر الواحد العدل في الاعتقادات، ويعادي ويوالي عليها، ويجعلها شرعاً وديناً في معتقده، على ذلك جماعة أهل السنة والجماعة[التمهيد (۱/ ۸)]

اور سارے لوگ - یعنی: فقہاء و محدثین - سچے فرد واحد کی خبر کے ذریعہ اعتقادات(کے امور) میں حجت پکڑتے، اور ان ہی (اعتقادات) پر اپنی دشمنی ومحبت کی بنا کرتے، اور انہیں اپنے معتقد میں شریعت ودین قرار دیتے،(اور)اس پر اہل السنہ والجماعہ (کا اجماع ہے).

ب- شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:"مما اتفق عليه سلف الأمة وأئمة الإسلام أن الخبر الصحيح مقبول مصدق به في جميع أبواب العلم، لا يفرق بين المسائل العلمية والخبرية، ولا يرد الخبر في باب من الأبواب سواء كانت أصولاً أو فروعاً بكونه خبر واحد، فإن هذا من محدثات أهل البدع المخالفة للسنة والجماعة" [جواب الاعتراضات المصرية (ص:٥٠)] جس پر سلف امت اور ائمہ اسلام کا اتفاق رہا ہے وہ یہ کہ (ہر) صحیح خبر تمام ابوابِ علم میں مقبول اور قابل حجت ہے،(اس کے ذریعہ) علمی وخبری مسائل کے درمیان فرق نہیں کیا جائے گا، اور نہ کسی بھی اصول وفروع کے باب میں محض خبر واحد ہونے کی وجہ سے اسے رد کیا جائے گا، بلکہ یہ اہل بدعت کے ایجاد کردہ امور میں سے (ایک) ہے جو سنت وجماعت کے (عین) مخالف ہے۔

ج- علامہ ابن القیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں:"لم يزل الصحابة والتابعون، وتابعوهم، وأهل الحديث والسنة يحتجون بهذه الأخبار في مسائل الصفات، والقدر والأسماء الأحكام، ولم ينقل عن أحد منهم البتة أنه جوّز الاحتجاجَ بها في مسائل الأحكام دون الإخبار عن الله و أسمائه وصفاته..." [مختصر الصواعق المرسلة (٢/ ٤١٢)] صحابہ - کرام رضی اللہ عنہم -، تابعین، اور تبع تابعین - رحمہم اللہ -، اور اہل حدیث وسنت ان اخبار (آحاد) کے ذریعہ مسائلِ صفات، قدر، اور أسماء واحکام میں حجت پکڑتے رہے ہیں، اور ان میں سے کسی سے بھی یہ ثابت نہیں ہے کہ اس نے اللہ، اور اس کے أسماء وصفات کی خبر دینے (کے مسائل) کو چھوڑ کر ان (اخبارِ آحاد) کے ذریعہ صرف مسائلِ احکام میں حجت پکڑنے کو جائز قرار دیا ہے...

خلاصہ یہ ہے کہ کسی بھی صحیح خبر واحد کے ذریعہ عقائد واحکام کے درمیان فرق نہیں کیا جائے گا، بلکہ ہر صحیح خبر واحد فروع و أصول کے مسائل میں قابل حجت ہے، جیسا کہ شیخ محمد امین شنقیطی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "والتحقيق الذي لا يجوز العدول عنه أن أخبار الآحاد الصحيحة كما تقبل في الفروع تقبل في الأصول، فما ثبت عن النبي صلى الله عليه وسلم بأسانيد صحيحة من صفات الله يجب إثباته واعتقاده على الوجه اللائق لكمال الله وجلاله" [مذكرة أصول الفقه (ص:١٠٤ - ١٠٥)] اور ایسی تحقیق جس سے روگردانی نہیں کی جاسکتی ہے وہ یہ ہے کہ صحیح اخبار آحاد جس طرح فروع میں قبول کی جائیں گی، اسی طرح اصول میں بھی قبول کی جائیں گی، چنانچہ صحیح سندوں سے نبی ﷺ سے اللہ کی جو بھی صفات ثابت ہیں انہیں ثابت کرنا اور ان کا اسی طرح اعتقاد رکھنا ضروری ہے جو اللہ کے کمال و جلال کے شایان شان ہے۔

اہل بدعت کے ساتھ تعامل

محمد ضیاء الحق تیمی
پی ایچ ڈی، جامعہ اسلامیہ مدینہ نبویہ

بہت سارے اذہان میں یہ بات راسخ ہے کہ اہل بدعت کے ساتھ تعامل میں سلف کے منہج اور اکابر اہل حدیث کے منہج میں فرق پایا جاتا ہے، اور ہمارے اکابر اہل بدعت کے ساتھ ہر طرح کے تعامل کے روادار تھے، اور ہمارے ارد گرد کے ماحول کے اعتبار سے ہمارے لیے وہی منہج درست ہے جو ہمارے اکابر نے اختیار کیا ہے۔ اس لیے ضرورت ہے کہ اہل بدعت کے تئیں سلف اور اپنے اکابر کے موقف کو ایک ساتھ سمجھنے کی کوشش کی جائے اور دیکھا جائے کہ کیا واقعی ان دونوں کے درمیان کوئی ایسا جوہری اختلاف موجود ہے جو ہمیں دو مختلف محاذوں میں تقسیم کردے؟ یا معاملہ صرف ہمارے سوء فہم کا ہے؟

● سب سے پہلا مسئلہ یہ ہے کہ سلف یعنی صحابہ کرام، تابعین عظام، تبع تابعین، اور ائمہ کرام اور علمائے اہل سنت کا منہج اہل بدعت کے تعلق سے کیا تھا؟ نیچے اسی سلسلے میں اہل علم کے کچھ اقوال پیش کئے جارہے ہیں:

(۱)قال الإمام البغوي رحمه الله : (و قد مضت الصحابة و التابعون، و أتباعهم، و علماء السنن على هذا مجمعين متفقين على معاداة أهل البدع و مهاجرتهم) .[شرح السنّة للبغوي: ۲۲۷/۱]

یعنی صحابہ کرام، تابعین، تبع تابعین اور علمائے اہل سنت اس بات پر متفق ہیں اور اس پر اجماع قائم ہے کہ اہل بدعت سے عداوت رکھی جائے گی اور ان سے قطع تعلق کیا جائے گا۔

(۲)وقال الشاطبي : (إن فرقة النجاة، و هم أهل السنة، مأمورون بعداوة أهل البدع، و التشريد بهم، والتنكيل بمن انحاش إلى جهتهم، و نحن مأمورون بمعاداتهم، و هم مأمورون بموالاتنا و الرجوع إلى الجماعة) .[الاعتصام، للشاطبي : ۱۲۰/۱].

فرقہ ناجیہ اہل سنت کو حکم ہے کہ وہ اہل بدعت سے عداوت رکھیں، انہیں اپنے سماج سے بھگائیں، اور اگر وہ باہر سے آدھمکیں تو انہیں سخت سزائیں دیں، ہمیں ان سے عداوت رکھنے کا حکم ہے، جبکہ انہیں حکم ہے کہ وہ ہم سے دوستی کریں اور ہماری جماعت میں شامل ہو جائیں۔

(۳)وقال الإمام أبو عثمان إسماعيل الصابوني رحمه الله حكايةً عن أهل السنّة : (و يبغضون أهل البدع الذين أحدثوا في الدين ما ليس منه، ولا يحبونهم، ولا يصحبونهم). [عقيدة السلف أصحاب الحديث للصابوني، ص : ۱۱۸]

امام صابونی اہل سنت کا منہج بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ وہ اہل بدعت سے بغض رکھتے ہیں جنہوں نے دین میں بدعات ایجاد کیں، نہ ان سے محبت رکھتے ہیں اور نہ ہی ان کی صحبت اختیار کرتے ہیں۔

(۴) والإمام الطحاوي وصفهم بأنهم (يحابّون في الدين، و يتباغضون فيه، و يتقون الجدال في أصول الدين، و الخصومات فيه، و يجانبون أهل البدع و الضلالات، و يعادون أصحاب البدع و الأهواء المرديات الفاضحات) .[شرح الطحاوية، لابن أبي العز، ص : ۵۲۰]

امام طحاوی اہل سنت کا وصف بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ دین کی وجہ سے وہ کسی سے محبت یا بغض رکھتے ہیں، اُصول دین میں بحث وجدال اور مناظرہ بازی سے بچتے ہیں، اہل بدعت وضلالت سے دوری بنائے رکھتے ہیں اور بدعتیوں اور ہواپرستوں سے عداوت رکھتے ہیں۔

(۵)قال ابن بطة: إحدى علامات أهل السنة حبهم لأئمة السنة، وعلمائها وأنصارها وأوليائها، وبغضهم لأئمة البدع، الذين يدعون إلى النار، ويدلون أصحابهم على دار

البوار، وقد زين الله سبحانه قلوب أهل السنة ونورها بحب علماء السنة فضلا منه جل جلاله. [الإبانة الكبرى، لابن بطة (٤٥٦/٢)]

اہل سنت کی ایک علامت یہ ہے کہ وہ اہل سنت کے ائمہ، علماء، انصار اور اولیاء سے محبت کرتے ہیں اور اہل بدعت کے ائمہ سے بغض رکھتے ہیں، جو لوگوں کو جہنم کی طرف دعوت دیتے ہیں اور اس کی طرف رہنمائی کرتے ہیں، اور اللہ عزوجل کا ان پر یہ فضل واحسان ہے کہ وہ ان کے دلوں کو علمائے اہل سنت کی محبت سے پر نور اور مزین رکھتا ہے۔

(٦)وقال الصابوني أيضا: "اتفقوا مع ذلك على القول بقهر أهل البدع، وإذلالهم وإخزائهم وإبعادهم وإقصائهم، والتباعد منهم ومن مصاحبتهم ومعاشرتهم، والتقرب إلى الله عز وجل بمجانبتهم ومهاجرتهم"

صابونی فرماتے ہیں کہ اہل بدعت کو زیر کرنے، ان کی تذلیل اور توہین کرنے، ان کو دور بھگانے، اور ان سے دوری بنانے، اور ان کی صحبت اور ہم نشینی سے بچنے، اور ان سے قطع تعلق کو تقرب الہی کا ذریعہ سمجھنے میں تمام اہل سنت کا اتفاق ہے۔

ان اقوال کو بار بار پڑھیں اور ساتھ ہی اس نکتے پر غور کریں کہ ان میں جتنی بھی باتیں اہل بدعت کے حوالے سے کہی گئی ہیں وہ جمہور سلف یا بعض سلف کی رائے نہیں، بلکہ تمام اسلاف کرام صحابہ، تابعین، تبع تابعین اور ائمہ اہل سنت کی اجماعی رائے ہے، یعنی ان میں سے کسی بھی بات کو رد کرنا گویا سلف کے اجماعی موقف سے انحراف ہے۔

● اب سوال یہ ہے کہ یہ اقوال تو انتہائی صریح، دوٹوک اور واضح ہیں، ان میں کوئی غموض اور اشکال بھی نہیں کہ سمجھنے میں کوئی دقت ہو، جبکہ ہمارے بعض اکابر اہل حدیث کا طرز عمل بظاہر اس سے مختلف نظر آتا ہے، تو اس کے لیے ہمیں کئی پہلوؤں پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔

سب سے پہلے تو ہم یہ حسن ظن رکھیں کہ ہمارے اکابر کا عمومی طرز عمل اسلاف کرام سے اس قدر مختلف نہیں رہا ہو گا، اور جو اختلاف ہمیں نظر آرہا ہے وہ ہمارے سوء فہم کا نتیجہ ہے، اور اگر کہیں یقین ہو جائے کہ انہوں نے سلف کے منہج کو ترک کیا ہے تو چونکہ ہم پر سلف کے منہج کی پیروی ضروری ہے، نہ کہ اکابر کی، اور وہی نجات کی راہ ہے، اس لیے ہم سلف کے منہج کو پکڑتے ہوئے اپنے اکابر کے بظاہر مخالف طرز عمل کی بہتر سے بہتر توجیہ پیش کریں اور ان کے لیے اعذار تلاش کریں، نہ کہ انہیں سلف کے مقابلے میں لا کھڑا کریں، کیوں کہ ہمارے اکابر نے نہ ہی اس کی دعوت دی ہے اور نہ ہی یہ ان کا منہج ہے۔ گویا اکابر پرستی میں منہج سلف کو ترک کرنا منہج سلف سے بھی انحراف ہے اور اکابر کے منہج سے بھی انحراف ہے۔ کیوں کہ ہمارے اکابر کتاب وسنت اور فہم سلف کو ہر چیز پر مقدم رکھتے تھے۔ اور ایسی صورت میں ہم میں اور گمراہ فرقوں میں کوئی فرق بھی نہیں رہے گا جو اکابر پرستی میں غلو کرتے ہوئے کتاب وسنت اور منہج سلف سے دور ہوتے چلے گئے۔

اس مختصر تمہید کے بعد آگے ہم غور کرتے ہیں کہ کیا واقعی ہمارے اکابر نے اہل بدعت کے ساتھ تعامل کے باب میں اسلاف کرام کے منہج کو بالائے طاق رکھ دیا تھا جیسا کہ بعض حضرات اسلاف کے اس موقف کو سن کر غیظ وغضب کا شکار ہو جاتے اور انہیں بلا کسی دلیل وبرہان کے محض اکابر پرستی کے زعم میں رد کر دیتے ہیں:

● اسلاف کرام اور اکابر اہل حدیث کا منہج:

اوپر اہل بدعت کے ساتھ تعامل کے سلسلے میں اسلاف کرام صحابہ، تابعین، تبع تابعین اور ائمہ اسلام کا جو اجماعی منہج بیان کیا گیا ہے وہ چار اصولوں پر مبنی ہے:

۱-پہلا اصول: اہل بدعت سے بغض اور عداوت رکھنا۔

اس اصول کا تعلق مسئلہ عقیدہ ولاء وبراء سے ہے، یعنی کسی سے خالص اللہ کے لیے محبت کرنا اور اسی کے لیے بغض رکھنا، اور اس کا تقاضا ہے کہ ایک بدعتی سے بغض رکھا جائے کیونکہ وہ اللہ اور اس کے رسول کا دشمن ہوتا ہے، دین کا خائن وغدار ہوتا ہے، وہ اللہ کے دین میں تحریف پیدا کرنے اور اسے مسخ کرنے کی کوشش کرتا ہے، شریعت سازی میں وہ اپنے آپ کو اللہ کا شریک ٹھہراتا ہے، اور اللہ

کے بندوں کو ضلالت وگمراہی اور جہنم کی راہ کی طرف بلاتا ہے، لہذا ہر مومن سے مطلوب ہے کہ وہ اہل بدعت سے اس کی بدعت کے بقدر بغض اور عداوت رکھے۔ اس میں کسی بھی قسم کا خلل در اصل ایمان اور عقیدے میں خلل ہے۔ اسی لیے بدعت اور اہل بدعت کی مذمت اور شناعت پر نصوص شریعت بھرے ہوئے ہیں اور اس میں کسی بھی قسم کی مداہنت جرم عظیم اور ایمان وعقیدے کے لیے خطرہ ہے۔

لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ان سے ویسے ہی بغض رکھا جائے گا جیسے کافروں اور منافقوں سے رکھا جاتا ہے، بلکہ ان کے ایمان کے بقدر ان سے دوستی اور محبت بھی رکھی جائے گی، اور بیک وقت ایک شخص سے اس کے ایمان کے بقدر محبت رکھنا اور فسق وبدعت کے بقدر دشمنی اور بغض رکھنا یہی اہل سنت کا عقیدہ ہے، اور اس میں وہ خوارج اور مرجئہ کے افراط اور تفریط کے درمیان ہیں۔ اس لیے ایک بدعتی شخص (جس کی بدعت مکفرہ نہ ہو) کے لیے استغفار اور اس پر ترحم کرنا، اس کے نماز جنازہ میں شریک ہونا جائز ہے، لیکن چونکہ وہ بدعتی بھی ہے اور لوگوں کو اس کی بدعت سے بچانا بھی ہے، اس لیے اہل علم وفضل کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایسا علانیہ نہ کریں تاکہ اس سے لوگ عبرت پکڑیں، بدعت کی شناعت وقباحت ان کے دل میں باقی رہے، اور ایک بدعتی سے جو نفرت اور بغض مطلوب ہے وہ خالص محبت میں نہ بدل جائے اور لوگ اس کے نقش قدم پر نہ چلنے لگیں۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا ہمارے اکابر اہل حدیث اہل بدعت سے بغض نہیں رکھتے تھے، وہ ان سے خالص محبت کرتے تھے؟ اور وہ عقیدہ ولاء وبراء کے مفہوم سے ناآشنا تھے؟

حاشا وکلا! یقیناً وہ اس باب میں سلف کے منہج پر تھے اور اس میں کسی کا بھی اختلاف یقیناً نہیں ہونا چاہیے۔

۲- دوسرا اصول: اہل بدعت کی صحبت اختیار کرنے اور ہم نشینی سے بچنا۔ اس میں ان کے دروس اور محاضرات کو سننا، ان کی کتابیں پڑھنا وغیرہ بھی داخل ہیں۔

اہل بدعت کے ساتھ تعامل میں اہل سنت وجماعت کا یہ دوسرا متفقہ اصول ہے۔ یہ اصول در حقیقت عقیدہ ولاء وبراء، جو ایمان کا سب سے مضبوط کڑا ہے، کے ارد گرد ایک مضبوط دیوار کی طرح ہے، اسی عقیدہ ولاء وبراء کی حفاظت کے لیے صحابہ، تابعین، تبع تابعین اور ائمہ اسلام نے متفقہ طور پر اس دیوار کو پھلانگنے سے منع کیا ہے، جو ہم سے زیادہ دین کو سمجھنے والے، بدعات وخرافات کی باریکیوں سے واقفیت رکھنے والے، اور اپنی اصابت رائے، سلامت طبع، دور بینی، معاملہ فہمی، حکمت وبصیرت اور فہم وشعور میں اعلی وارفع تھے۔

اب جو شخص بھی اپنی ذہانت اور فقاہت پر اعتماد کرتے ہوئے سلف کے اس اصول سے انحراف کرتا ہے اور بدعت اور اہل بدعت سے قریب ہوتا ہے، اور اس دیوار کو پھلانگنے کی کوشش کرتا ہے، وہ اسی قدر عقیدہ ولاء وبراء کے باب میں ضلالت وگمراہی کے غار میں جا گرتا ہے، اس کے دل میں بدعت اور اہل بدعت سے بغض ونفرت کی جگہ محبت اور دوستی لینے لگتی ہے، بدعت کی شناعت وقباحت ختم ہونے لگتی ہے، ائمہ سنت اور علمائے سنت کی محبت دل سے رخصت ہونے لگتی ہے اور ائمہ ضلالت وبدعات کی محبت دل میں گھر کرنے لگتی ہے، جس کی وجہ سے دل تاریک اور بیمار ہونے لگتا ہے۔ کیونکہ ائمہ سنت کی کتابیں اور باتیں کتاب وسنت اور آثار سلف سے مزین ہوتی ہیں، اور چونکہ قرآن وسنت کے نصوص سراپا نور ہیں اس لیے وہ دلوں کو نور سے معمور کر دیتے ہیں، ان سے شبہات وشہوات کی تاریکیاں چھٹتی ہیں، حقائق روز روشن کی طرح عیاں ہوتے ہیں، جبکہ ائمہ بدعت وضلالت کی کتابوں اور باتوں میں اکثر عقلی موشگافیاں، فلسفیانہ گفتگو، قیاس آرائیاں، باطل استدلالات، اور ضعیف وموضوع روایتیں ہوتی ہیں جس کی وجہ سے انہیں پڑھ اور سن کر قلوب واذہان تاریک ہو جاتے ہیں، شبہات وشہوات کا غلبہ شدید تر ہونے لگتا ہے، حق وباطل خلط ملط ہونے لگتا ہے، انسان متشابہات میں الجھ کر محکمات کا انکار کرنے لگتا ہے، پھر دھیرے دھیرے اس کی سوچ وفکر اہل باطل کے سانچے میں ڈھلنے لگتی ہے، اور ایک وقت وہ خود محدثات وبدعات کو گلے لگانے لگتا ہے اور حق اور اہل حق کا دشمن

بن جاتا ہے۔ ان کی چھوٹی چھوٹی غلطیوں سے بڑے بڑے نتیجے اخذ کرتا ہے، ان کے تئیں لمز و ہمز، طعن و تشنیع، کذب وافتراء کو روا سمجھنے لگتا ہے، جبکہ اس کے بالمقابل اہل بدعت کے لیے تعصب رکھنے لگتا ہے، ان کے بڑے بڑے انحرافات یہاں تک کہ کفریات تک کی تاویلیں کرنے لگتا ہے، اور ان پر رد کرنے والوں کو متشدد اور انتہاپسند قرار دیتا ہے، جبکہ انتہاپسندی اور تشدد یہ ہے کہ انسان کتاب وسنت سے منحرف ہو جائے، فہم سلف سے اعراض کرنے لگے اور دین میں محدثات اور مخترعات کے لیے راہیں ہموار کرنے لگے۔

خود آپ اپنے گرد وپیش کے ماحول پر نظر دوڑائیں، اپنے دوستوں اور ساتھیوں کو ٹٹول کر دیکھیں، ان میں سے جس نے بھی سلف کے اس اصول کو بالائے طاق رکھا، اہل باطل کی کتابوں اور تقریروں کو پڑھنا اور سننا شروع کیا، ان کی کیا حالت ہوئی؟

● اس اصول میں اکابر کا طرز عمل:

اب سوال یہ ہے کہ ہمارے کتنے اکابر ہیں جو اہل بدعت کی صحبت اور ہم نشینی اختیار کرتے تھے؟ یعنی ان کے علمی دروس میں شریک ہوتے تھے اور ان کے ساتھ صبح وشام اٹھتے بیٹھتے تھے؟

اور اگر کسی نے ان کی صحبت اختیار کی ہے تو ان کا ذاتی عمل ہمارے لیے حجت ہے یا پھر صحابہ، تابعین، تبع تابعین اور ائمہ سنت کا طرز عمل؟

۳ - تیسرا اصول: اہل بدعت سے قطع تعلقی اور ان کا سماجی بائیکاٹ کرنا۔

اس اصول کا مقصد بدعتی کی زجر وتوبیخ ہے، کیونکہ جب سماج میں اس کا بائیکاٹ کیا جائے گا تو وہ بدعت سے تائب بھی ہو سکتا ہے، اور اس سے دوسرے لوگ جو اس کے نقش قدم پر چلنا چاہیں گے ان کی حوصلہ شکنی بھی ہوگی، لیکن یہ مقصد ایسے ماحول میں حاصل نہیں ہو سکتا جہاں اہل بدعت کا غلبہ ہے، وہاں بائیکاٹ سے ہم خود تنہا پڑ جائیں گے، اس لیے ایسی جگہ ان سے ایسے تعلقات قائم رکھنا جن سے یہ ظاہر نہ ہو کہ ہم اپنے اصول اور مسلمات میں ان سے مصالحت کر رہے ہیں جائز ہے بلکہ بسا اوقات دعوت کی افادیت کے اعتبار سے شرعا مطلوب امر بھی ہے۔

ہمارے اکابر اہل حدیث کے بیشتر تعلقات اہل بدعت سے اسی طرح کے تھے، وہ سیاسی، ملی اور سماجی بنیادوں پر ان سے تعلقات رکھتے تھے اور یہ بر صغیر کے ماحول میں دعوتی ناحیے سے جائز اور مطلوب امر ہے، لیکن ساتھ ہی وہ بدعت اور اہل بدعت کے تئیں شدید بھی تھے، انہوں نے ان پر رد کرنے میں کسی طرح کی مداہنت سے کام نہیں لیا ہے۔ ان کے اس طرح کے تعلقات سے یہ استدلال کرنا کہ وہ اہل بدعت سے بغض نہیں رکھتے تھے، وہ اباحیت پسند تھے، وہ ہر طرح کے بدعتی سے گھل مل کر رہنے، ان کی کتابوں کو پڑھنے اور انہیں سننے کو جائز سمجھتے تھے، وہ ائمہ مضلین سے تحذیر کے قائل نہیں تھے، یہ دراصل ان پر بہت بڑا بہتان اور الزام ہے، اور اس غلط استدلال کے ذریعے اہل سنت کے متفقہ دوسرے اصول کو گول کرنے کی کوشش کرنا اکابر کے نام پر بہت بڑا دھوکا اور فراڈ ہے۔

۴ - چوتھا اصول: اہل بدعت کی تذلیل وتحقیر کرنا، ان کو سزائیں دینا، ان کو اپنے درمیان سے بھگانا وغیرہ۔

اس اصول کا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کو اہل بدعت کی کتابوں اور باتوں کے قریب جانے سے حتی الوسع روکا جائے۔ اور اس کے لیے ضروری ہے کہ ائمہ بدعات کے افکار پر رد کرنے سے پہلے خود ان کی اہانت کی جائے، ان کی تحقیر کی جائے اور ان کی شخصیت کو ہی لوگوں کی نگاہ میں کمتر بنایا جائے، کیونکہ انہوں نے خود بدعات کا ارتکاب کرکے اپنی اہانت کی ہے، اور اللہ اور اس کے رسول کی دشمنی مول لی ہے، اور وہ اس کے دین میں فراڈ اور جعل سازی کرتے اور لوگوں کے دین وایمان کو تباہ کرنے کے مجرم قرار پائے ہیں۔

اب اس میں جتنا تساہل برتا جائے گا اور ائمہ سنت کے منہج سے انحراف اختیار کیا جائے گا اسی قدر لوگوں کے دلوں میں اہل بدعت کی تعظیم وتوقیر پیدا ہوگی، اور اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ لوگ لا محالہ دوسرے اصول کو توڑیں گے اور ان کی کتابوں، لیکچرز، اور تقریروں کو سننا شروع کریں گے، جس کا لازمی نتیجہ یہ نکلے گا کہ لوگ ان کے انحرافات کو قبول کرتے جائیں گے، ان کے شبہات کا شکار

ہوں گے، اور عقیدہ ولاء وبراء جو اصول دین میں سے ہے وہ کمزور ہوتا جائے گا۔

اس اصول میں بھی ہمارے اکابر عمومی طور پر منہج سلف کے پیروکار تھے۔ اہل بدعات کے خلاف ان کے جہاد کا طویل سلسلہ اسی کا غماز ہے، لیکن یہاں اس بات کا انکار نہیں کیا جاسکتا کہ انہوں نے تقلید اور اہل تقلید پر رد کرنے میں زیادہ زور صرف کیا، جس کی وجہ سے وہ اس باب میں خط امتیاز کھینچنے میں پوری طرح کامیاب ہو گئے، لیکن تحریکیت اور اہل تحریک کے رد میں وہ اس قدر متوجہ نہیں ہوئے، یا مولانا مودودی کے عدم تقلید کے رجحان کو تقلید وجمود کے زور کو توڑنے میں نفع بخش سمجھ کر اکثر علماء نے ان کے انحرافات سے اغماض کیا، حالانکہ سلفیت تقلید اور عدم تقلید کے درمیانی راہ منہج سلف کی پیروی کا نام ہے، مطلقاعدم تقلید بسا اوقات تقلید سے بھی زیادہ ضلالت وگمراہی کا سبب بنتی ہے۔ یا پھر جماعت اسلامی ایک نئی تحریک ہونے کی بنیاد پر اکثر علماء اس کے افکار اور سنگینی سے کما حقہ واقف نہیں ہوئے اور حسن ظن کی بنیاد پر مولانا مودودی کے تئیں نرم گوشہ اختیار کرلیا، حالانکہ انفرادی طور پر کئی علماء نے مودودی کو اور ان کے افکار کو بے نقاب کیا لیکن اس باب میں وہ اجتماعی اور ہمہ گیر کوشش نہیں رہی جو منہج سلف اور تحریکیت کے درمیان خط امتیاز کھینچ سکے، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اکثر اہل حدیث جماعت اسلامی میں ضم ہو کر رہ گئے، اور تحریکیت کے جراثیم ان کے اندر سرایت کر گئے، ان کے مدارس کی لائبریریاں اہل تقلید کی کتابوں سے تو خالی رہیں اور اس میں وہ کامیاب رہے، لیکن مودودی، حسن البناء، سید قطب، قرضاوی اور ان جیسے تحریکی مفکرین کی کتابوں سے پُر رہیں، اور ان کے رد میں جو کتابیں ہمارے بعض اکابر جیسے مولانا ثناء اللہ امرتسری، شیخ محدث گوندلوی، شیخ اسماعیل سلفی اور دیگر حضرات نے لکھی ہیں ان سے اکثر لائبریریاں خالی رہیں اور آج بھی ہیں۔ زیادہ سے زیادہ شیخ صلاح الدین یوسف کی کتاب "خلافت وملوکیت" موجود ہے۔ یا اگر کسی لائبریری میں وہ کتابیں ہیں بھی تو بچوں کو ان سے واقف نہیں کرایا جاتا ہے۔

اہل تقلید وجمود کے رد میں ہمارے اکابر نے اس اصول کو تو پوری طرح برتا، لیکن جو نئی تحریکیں جنم لی ہیں ان کے رد میں ہمارے اکابر سے معاملے کی سنگینی کو سمجھنے میں کہیں نہ کہیں چوک ہوئی ہے جس کا بہت بڑا خمیازہ جماعت اہل حدیث کو بھگتنا پڑ رہا ہے، اس لیے ضرورت ہے کہ اس کا فورا تدارک کیا جائے، اور رافضیت، خارجیت، اباحیت سے تیار شدہ اس جدید مذہب اور فتنے سے ہماری جماعت کے نونہالوں کو بچانے کی کوشش کی جائے۔

● **تنبیہ:**

بہت سارے اہل حدیث لکھاری جو منہج سلف سے کما حقہ واقف نہیں ہیں وہ اپنی نادانی کی بنیاد پر یہ بات اکثر کہتے ہیں کہ شخصیت پر رد نہ کرو بلکہ افکار پر رد کرو، یعنی وہ اس اصول کا انکار کرتے ہیں، ان کا کہنا ہے کہ پہلے ان کو غار کے کنارے جانے دو، پھر جب وہ اس میں گرنے لگیں تو بچانے کی کوشش کرو، جبکہ کمالِ نصیحت کا تقاضا یہ ہے اور جس کو اسلاف کرام نے اختیار کیا ہے کہ پہلے ہی متنبہ کیا جائے کہ اس جگہ کے قریب مت جاؤ، کیونکہ گڑھے میں گرنے کا ڈر ہے، لیکن اس کے باوجود کوئی اگر نادانی کی بنیاد پر چلا جائے تو پھر اگلی کوشش ہونی چاہیے کہ اسے کیسے بچایا جائے، لیکن اگر کوئی کہے کہ نہیں نہیں سب کو وہاں جانے دو، ڈراؤ مت، خوف مت پھیلاؤ، ہاں جب گرنے لگے تو پھر بچانے کی کوشش کرو، ظاہر ہے ایسی صورت میں اکثریت تو اس میں گر جائے گی، لیکن اگر پہلے متنبہ کیا جائے گا تو اکثریت بچ جائے گی۔

در اصل اہل بدعت کی تحذیر سے روکنے والے یا ان کی تعریف کرنے والے اور ائمہ سلف کی راہ کو ترک کرنے والے ضلالت کے غار کی طرف لوگوں کو پہلے جانے دیتے ہیں، یا پھر لوگوں کو اس کی طرف دعوت دیتے ہیں، پھر وہ بچانے کا مشورہ دیتے ہیں حالانکہ وہ خود گر چکے ہوتے ہیں تو وہ دوسروں کو کیا بچا پائیں گے، یا پھر بچانے والوں پر ہی مختلف مقدمے دائر کردیتے ہیں۔

اللہ رب العالمین ہم سب کو منہج سلف کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق دے۔

قلم ساتھ رہے

محمد عمر صلاح الدین
السنۃ الاولیٰ المشترکہ، جامعۃ الملک سعود، ریاض

مطالعۂ کتب کے شائقین حضرات اس بات سے بخوبی واقف ہوں گے کہ کتابوں کی ورق گردانی کے دوران بیشتر اوقات بہت ساری قیمتی باتیں، علمی لطائف اور اپنے طبیعت ومزاج اور تخصص وودلچسپی سے ہم آہنگ علمی وتحقیقی فوائد ونکات سامنے آتے رہتے ہیں ایسی صورت میں ہر ایک شخص اپنی سہولت کے مطابق اسے ذہن نشین کرنے، اپنے مذکّرات اور نوٹ بک وغیرہ میں مخصوص رموز واشارات کے ساتھ ہی سہی، ضبط تحریر میں لانے کی کوشش کرتا ہے، بہت سارے لوگ اپنے ذہنی یاد داشت پر بھروسہ کرتے ہوئے اس طریقۂ کار کو ازراہِ تساہل نظرانداز بھی کردیتے ہیں، تو کچھ لوگ کتابوں میں خط کشیدگی کا طریقہ اپناتے ہیں، لیکن اب چونکہ پی ڈی الف فائل میں کتابیں رکھنے، پڑھنے کی طرف لوگوں کے رجحانات میں دن بدن اضافہ ہوتا جارہا ہے، اور بصورتِ مجبوری میرا اپنا بھی یہی مزاج بنا چکا ہے بہر حال اس کی وجہ سے نتیجتاً حفظ وضبط اور تشکیل وخط کشیدگی کا طریقہ بھی تقریباً ناپید ہوتا جارہا ہے۔

آیئے علماء اسلام اور اسلافِ امت کے اقوال وتجربات کی روشنی میں دیکھتے ہیں کہ ان کے یہاں کس طرح صرف حصول علم اور پڑھنے وکثرت مطالعہ ہی پر اکتفانہ کرکے بلکہ اس کی حفاظت کا بھی بندوبست اپنی اپنی سہولیات کے مطابق کیا جاتا تھا جبکہ ان کے یہاں فرط ذکاوت وسرعت حفظ اور قوتِ ذہانت ویاد داشت کے ایسے ایسے نادر نمونے پائے جاتے ہیں کہ آدمی انہیں سن کر حیران وششدر رہ جائے۔

چنانچہ ابو بکر خطیب بغدادی رحمہ نے اپنی صحیح سند سے امام عامر بن شر حبیل الشعبی رحمہ اللہ کا یہ قول نقل کیا ہے: "الكتاب قيد العلم" کہ لکھ کر ضبط تحریر میں علم کی حفاظت کرنی چاہیے۔(تقييد العلم للخطيب ص:١٢٧)

امام محمد بن ادریس شافعی (المتوفی:۲۰۴ھ) رحمہ اللہ نے اس حوالے سے کتنی پیاری ناصحانہ بات تمثیلی پیرہن میں کہی ہے وہ فرماتے ہیں:

العلم صيد والكتابة قيده
قيِّد صيودك بالحبال الواثقة
فمن الحماقة أن تصيد غزالة
وتتركها بين الخلائق طالقة

علم شکار ہے اور کتابت اسے قید کرنے کا نام ہے۔ (لہذا) اپنے شکاروں کو مضبوط رسیوں سے باندھ رکھو، یہ بیوقوفی ہے کہ تم ہرنی کا شکار کرکے اسے لوگوں میں آزاد چھوڑ دو۔

ربیع بن سلیمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک بار ہم لوگ بیٹھے ہوئے تھے کہ امام شافعی رحمہ اللہ کا گزر ہوا تو آپ نے فرمایا:

"اعلموا -رحمكم الله- أن هذا العلم يندُّ كما تند الإبل؛ فاجعلوا الكتب حماة؛ والأقلام عليه رعاة"(تقييد العلم ص:١٤٧)

اللہ تم لوگوں پر رحم فرمائے! یہ بات جان لو علم اسی طرح (ذہن ودماغ سے) نکل جاتا ہے جس طرح اونٹ کی نگہداشت ونگرانی نہ کرنے پر وہ بھاگ نکل جاتا ہے لہذا (اسے لکھ کر) کتابوں کی شکل میں محافظ ونگراں مقرر کرلو اور اپنے قلموں کو رقیب ونگہبان بنالو۔

اسی طرح ساتویں صدی ہجری کے عظیم عالم دین امام ابوزکریاالنووی رحمہ اللہ (۶۷۶ھ-۱۲۷۷م) نے اپنی معروف کتاب "المجموع شرح المهذب" کے مقدمے میں جہاں معلم کے آداب پر گفتگو کی ہے وہی آداب متعلم پر بھی بات کرتے ہوئے ایک طالب کو اسی امر کی طرف راہنمائی کی ہے وہ فرماتے ہیں:

"ولايحتقرن فائدة يراها أو يسمعها في أي فن كانت، بل يبادر إلى كتابتها، ثم يواظب على مطالعة ما كتبه..." (ص:۷۰)

طالب علم کو کسی بھی علمی فائدے کو جسے وہ پڑھ یا سن کر حاصل کرتا ہے، خواہ وہ کسی بھی فن میں ہو، حقیر نہیں سمجھنا چاہیے بلکہ اسے لکھ کر محفوظ کرنے میں جلدی کرنی چاہیے، (اسی پر بس نہیں) بلکہ اپنے تمام نوٹس کا برابر مطالعہ بھی کرتا رہے۔

یہ صرف کہنے اور سننے سے متعلق فقط نظریاتی باتیں نہیں ہیں بلکہ علماء نے حفاظت علم کے اس مستحکم طریقے کو اپنایا بھی ہے جیسا کہ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ نے امام آبو عبد اللہ بدر الدین الزرکشي (۷۴۵ھ-۷۹۴ھ) رحمہ اللہ کے بارے لکھتے ہیں:

كان منقطعا في منزله لا يتردد إلا إلى سوق الكتب، إذا حضره لايشتري شيئا وإنما يطالع في حانوت الكتبي طول نهاره، ومعه ظهور أوراق يعلق فيها ما يعجبه، ثم يرجع فينقله إلى تصانيفه..." (الدرر الكامنة ۳/۳۹۸)

علیحدگی پسند ہونے ناطے گھر ہی میں رہتے تھے، باہر نکلتے بھی تو بُک اسٹال کی طرف رخ کرتے، وہاں پہنچ کر کچھ خریدنے کے بجائے بُک شاپ میں سارا دن محو مطالعہ رہتے، جو باتیں اچھی لگتیں انہیں ساتھ میں رکھے ہوئے اوراق میں اشارتاً لکھ لیتے، بعدازاں گھر آکر اپنی (خصوصی) تصنیفات میں انہیں جگہ دیتے۔

اس سے بھی قبل تیسری صدی ہجری میں امام محمد بن اسماعیل البخاري رحمہ اللہ کی حالت یہ تھی جیسا کہ راوی صحیح بخاری ابوعبداللہ الفربری (۲۳۱ھ-۳۲۰ھ) رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں:

"كنت مع محمد بن إسماعيل بمنزله ذات ليلة، فأحصيت عليه أنه قام وأسرج يستذكر أشياء يعلقها في ليلة ثمان عشرة مرة" (آداب الشافعي ومناقبه لابن أبي حاتم الرازي، ص:۴۵-۴۴)

ایک رات میرا گزر امام محمد بن اسماعیل البخاری رحمہ اللہ کے پاس ان کے گھر ہوا، میں نے شمار کیا کہ پوری رات میں آپ نے اٹھارہ بار اٹھ کر چراغ جلایا، یہ اس لیے کہ جو باتیں آپ کو اچانک یاد آتیں وہ وہ تحریر فرماتے۔ رحمه الله تعالى وأغدق عليه شآبيب رحمته ورضوانه۔

عصر حاضر میں سعودی عرب کی مشہور علمی شخصیت کبار علماء کی کمیٹی کے موقر رکن اور جامعۃ الامام ریاض کے استاد شیخ سعد بن ترکی الخثلان حفظ اللہ نے اپنے دورانِ مطالعہ علمی نوادرات اور قیمتی جوہرپاروں پر مشتمل اسی نوعیت کی ایک کتاب تالیف کی ہے جس کے مقدمے میں آپ لکھتے ہیں:

"وقد بدأت في مرحلة مبكرة من العمر في تقييد ما يمر بي من فوائد ونوادرسواء من الكتب أوالمجلات أوالصحف أوغير ذلك، فاجتمع عندي منها مذكرات كثيرة..." (لطائف الفوائد)

میں نے اپنی کم سنی ہی سے (مطالعۂ کتب کے دوران) سامنے آنے والے علمی فوائد و نوادرات کو نوٹ کرنا شروع کیا خواہ وہ کتابوں میں (ملے ہوں) یا میگزین اور دیگر اخبارات وغیرہ میں، جس سے میرے پاس ڈھیر سارے نوٹس تیار ہو گئے۔

کہنے کا مقصد یہ ہے کہ مطالعۂ کتب کے دوران سامنے آنے والے علمی فوائد ونکات، جوہر پارے اور پسندیدہ آراء

وتخیلات کو جمع کرنے کا طریقہ قدیم زمانے سے اب تک چلا آرہا ہے، اور اسی طریقۂ کار کو اپنانے کے نتیجے میں بہت ساری "محسن" کتابیں معرضِ وجود میں آئی ہیں اور متقدمین ومتاخرین علماء کی اس نوعیت کی کتابیں ہمارے اسلامی کتب خانوں کی زینت بنی رہی ہیں۔

یہاں چند کتابوں کے نام بر سبیل احصاواستیعاب نہیں بلکہ بطور تمثیل ذکر کئے جارہے ہیں تاکہ اس کی روشنی میں ایک طالب علم کو طریقہ کار کے ساتھ ساتھ استیناس بھی ہوسکے۔

اس قبیل سے بہت ساری کتابیں قدیم وجدید زمانے سے منظر عام پر آتی رہی ہیں، واضح رہے کہ ان کتابوں کے مسمیات مختلف ہیں، کچھ کتابوں کا تذکرہ خود شیخ محترم حفظہ اللہ نے مذکورہ کتاب کے مقدمے میں کیا ہے وہ بالترتیب یہ ہیں:

(۱) الفنون :اس نام سے ابو الوفا علي بن عقیل الحنبلی(المتوفی: ۵۱۳ھ)رحمہ اللہ نے ایک کتاب تالیف کی ہے۔

(۲)صید الخاطر: امام ابو الفرج عبد الرحمن بن أبي الحسن الجوزی(المتوفی:۵۹۷ھ) رحمہ اللہ کی مشہور کتاب اسی نام سے ہے۔

(۳)المخلاۃ: شیعہ عالم دین بہاء الدین محمد بن الحسین العاملی(المتوفی:۱۰۲۱ھ) نے اس نام سے ایک کتاب لکھی ہے۔ مولف کتاب سے عقیدہ اور فکر کے شدید اختلافات باوجود یہاں مخصوص فنی تنوع کے پیش نظر ذکر کرنا مقصود ہے۔

(۴)التذکرۃ: ابو المعالی محمد بن الحسن بن ابن حمدون البغدادي(المتوفی:۵۶۲ھ) کی کتاب "التذکرۃ الحمدونیة" کے نام سے دس جلدوں میں مطبوع ہے۔

(۵)کناشة: جیساکہ مصری مورخ عبد السلام ہارون (المتوفی:۱۹۸۸م) کی کتاب "کناشة النوادر" اسی نام سے موسوم ہے جو پچاس سال کے مطالعہ کا نچوڑ ہے۔

(۶)الکشکول: اسی مذکورہ شیعہ عالم دین بہاء الدین محمد بن الحسین العاملی(المتوفی:۱۰۲۱ھ) کی تالیف "الکشکول" بھی ہے۔

(۷)الفوائد: اس نام سے کئی اہل علم نے کتابیں تالیف کی ہیں جن میں سر فہرست امام ابن القیم الجوزیہ (المتوفی:۷۵۱ھ) رحمہ اللہ کی کتاب "بدائع الفوائد" ہے جو اپنی نکتہ وارانہ لطائف سے پُر ہونے کی وجہ سے علماء وطلباء کے درمیان خاص توجہ کا مرکز رہی ہے۔

اسی طرح عبد الرحمن بن ناصر السعدي (المتوفی: ۱۳۷۶ھ) رحمہ اللہ کی کتاب "مجموع الفوائد واقتناص الأوابد" اور آپ کے شاگرد رشید شیخ محمد بن صالح العثیمین (المتوفی:۱۴۲۱ھ) رحمہ اللہ کی کتاب "المنتقی من فرائد الفوائد" بھی ہے۔

شیخ حفظہ اللہ کی ذکرکردہ کتابوں کے علاوہ دیگر مؤلفات بھی ہیں جنہیں میں یہاں ذکر کرنا مناسب سمجھتا ہوں وہ یہ ہیں:

(۸،۹)الکشکول: مشہور سلفی عالم شیخ عبد اللہ بن عبد العزیز بن عقیل(المتوفی:۲۰۱۱ھ) رحمہ اللہ اور شیخ محمد بن عمر باز مول حفظہ اللہ، دونوں حضرات نے اسی نام سے اپنے حکیمانہ اقوال اور نوادرات علمیہ کو مرتب کیا ہے۔

یہاں ضمنا لفظ "کشکول" کی وجہ تسمیہ کے حوالے سے ایک بات ملحوظ خاطر رہے کہ جس طرح فقراء اور درویشوں کے مانگے ہوئے مختلف اشیاء بغیر کسی تمیز کے ایک ہی برتن میں جمع ہوتے ہیں اسی طرح ایک مؤلف کے مطالعۂ کتب کا ماحصل، نیز کسی خاص موضوع سے قطع نظر اس کے منتشر پسندیدہ افکار ونظریات ایک ہی کتاب میں اکٹھے ہوجاتے ہیں۔

(۱۰) الکناشة: مازن بن عبدالرحمٰن البحصلی البیروتی اور مہنا

حمد المہنا ان دونوں صاحبان کی کتابیں اسی نام سے ہیں۔

(۱۱) الفوائد: اس نام سے جہاں سے بہت ساری کتابیں کے نام ذکر کئے جا چکے ہیں انہیں میں سے ایک شیخ محمد بن عبدالرحمن العریفي کی کتاب "زبدة الفوائد من كتب ابن تيميه" بھی ہے، نام سے کتاب کا موضوع واضح ہے کہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کی کتابوں سے ماخوذ فوائد جمع کئے گئے ہیں۔

بہر کیف حافظے پر کلی طور پر اعتماد کرتے ہوئے مذکورہ طریقہ کار کو نظر انداز کرنا حد درجہ علمی خسارے کا پیش خیمہ ثابت ہوتا ہے، اسلامی تاریخ میں اس کی ڈھیر ساری مثالیں مل سکتی ہیں۔

یہی بات عصر حاضر کے ایک عظیم محقق عالم دین تیمیات، قیّمات اور یمانیات کے علمی وارث ومحافظ، مولف کتب کثیرہ بالخصوص طلب علم کے سلسلے میں تشنگانِ علوم کے جذبات وخیالات اور ان کے شعور ووجدان کو مہمیز کر دینے والی کتاب "المشوق إلى القراءة وطلب العلم" کے مصنف شیخ محمد بن علی العمران حفظہ اللہ اسی کتاب کے اخیر میں لکھتے ہیں:

"فكم من عالم أبدى أسفه وحسرته على فوائد فاته تقييدها فشردت، أو اتكل على حافظته فخانته (والحفظ خوان)" (ص:١٤٢)

کہ بے شمار علماء نے اس بات پر اپنے حسرت وافسوس کا اظہار کیا کہ بہت ساری علمی فوائد ونکات بروقت نوٹ نہ کرسکنے کی بنا پر ان سے چھوٹ گئیں یا اپنی یاداشت پر مکمل اعتماد کیا جس نے ساتھ بعد میں ساتھ دینے سے انکار کر دیا اور کیوں نہ ہو کہ حافظہ خیانت ہی نام ہے۔

اس کے بعد شیخ حفظہ اللہ نے ایک مثال حافظ سخاوی کے حوالے دی ہے کہ انہوں نے اپنے استاد، علمی دنیا کے روشن ستارہ اور احادیث رسول کے بے لوث خادم حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ کی سوانح زندگی پر مشتمل اپنی کتاب "الجواهر والدرر" لکھاہے:

"أما التفسير فكان آية من آيات الله بحيث كان يظهر التأسف في إهمال تقييد ما يقع له من ذلك مما لا يكون منقولا۔۔" (١/٣٨)

تفسیر کے باب میں (ہمارے شیخ حافظ ابن حجر نابغہ روزگار اور) اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی تھے، بنابریں آپ کافی اظہار افسوس کرتے تھے کہ بعض غیر منقول تفسیری نکات جو ان کے ذہن وخیال میں وارد ہوتے تھے اسے علی الحین ضبط تحریر میں لا نہیں سکے۔

واضح رہے کہ اس طرح کی کتابیں کسی خاص علم وفن کے بجائے متعدد علوم و فنون مثلا عقیدہ وتفسیر، حدیث وفقہ، عربی زبان، فلکیات، طب وتاریخ اور شعر وادب حتیٰ کہ زندگی کے ذاتی تجربات اور مشاہدات کو بھی شامل ہوتی ہیں، شیخ سعد الختلان حفظہ اللہ اپنی اپنی کتاب کے بارے میں بھی اسی طریقہ کار کو بیان فرماتے ہیں۔

"وقد جاءت فوائد هذا الكتاب متنوعة ما بين فوائد في العلوم الشرعية من العقيدة والتفسير والحديث والفقه في كتب اللغة العربية والفلك والطب والتأريخ والشعر والادب وفي الحكم والتجارب والخبرات في الحياه مع توثيق الفوائد المنقولة من الكتب الى مراجعها" (لطائف الفوائد)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو علم دین سیکھنے اور اس سلسلے میں صرف کی جانے والی کاوشوں کو بارآور بنائے آمین۔

الإيمان عند الأشاعرة في ضوء عقيدة أهل السنة والجماعة

محمد مصطفى عبد السلام

طالب دكتوراه في قسم العقيدة والمذاهب المعاصرة بجامعة الملك سعود

التمهيد: معنى الإيمان:

أ- الإيمان في اللغة:

الإيمان لغةً: هو مصدر آمن يؤمن إيماناً، فهو مؤمن، ومعناه: التصديق، قال تعالى: ﴿وَمَا أَنتَ بِمُؤْمِنٍ لِّنَا وَلَوْ كُنَّا صَادِقِينَ﴾[يوسف:١٧]، أي: بمصدِّق(١) (٢).

ب- الإيمان شرعاً: هو إقرار باللسان وتصديق بالجنان، وعمل بالأركان؛ يزيد بالطاعة وينقص بالمعصية(٣)(٤).

المبحث الأول: حقيقة الإيمان، وفيه ثلاثة مطالب:

المطلب الأول: حقيقة الإيمان عند الأشاعرة(٥)

